RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رام پور

جلد	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ رجب ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۸۹۵ء	نمبر ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۱	رخصت احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل۔	۱
	حکم وروبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۲	رخصت محمد عطاء احمد خان جج عدالت خفیفہ۔	۲
۳	مجسٹریٹان ایام حوالات کو سزا میں محسوب کیا کریں۔	۲
۴ و ۵	نقشہ حیات و ممات و نرخ نامہ اجناس۔	ضمیمہ

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۵ جنوری ۱۸۹۵ء

بذریعہ عرضی احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل رخصت مزید یک ماہ حسب انتظام سابقہ منظور کی گئی۔

دستخط صاحب
ریونیو ممبر بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۲ جنوری ۱۸۹۵ء

بردرخواست منشی ... محمد عطاء اللہ خان صاحب جج عدالت خفیفہ بوجہ ... بابت رخصت تجویز ہوا کہ رخصت من ابتدا سے ۳ لغایت ۳۱ جنوری ۱۸۹۵ء منظور ہے ایام رخصت صاحب جج عدالت خفیفہ مین مفتی صاحب دیوانی معمولی کام عدالت خفیفہ کا اپنے دستخط سے جاری رکھین گے اور معمولی احکام صادر کرین گے — انفصال مقدمات صاحب جج خفیفہ بعد واپسی رخصت کرینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۹ جنوری ۱۸۹۵ء

ملاحظہ نقشہ مقدمات چالانی پولس جو صدر التہامے مجسٹریٹان سے فیصل ہوئے واضح ہوا کہ بعض مقدمات مین بعض مجسٹریٹان نے ایام حوالات کو سزا مین محسوب کیا ہی اور بعض مقدمات مین صرف ایام حوالات کو سزا تصور کرکے ملزم کو چھوڑ دیا ہے یہ امر بالکل بے قاعدہ اور نامناسب ہے کہ دوران مقدمہ مین جسقدر ایام ملزم حوالات مین رہا وہ سزا کافی سمجھی جاوے یا سزاے قید مین اوسکو محسوب کیا جاوے مجسٹریٹان سے ضمنی دریافت کی گئی کہ یہ بات کس قاعدہ سے کی گئی تو کوئی جواب معقول نہین ملا اور نہ مجسٹریٹان نے کسی قاعدہ یا قانون کا حوالہ دیا۔ مقدمات سرقہ مین اکثر مجسٹریٹ قیمت مال مسروقہ کی قلیل و خفیف سمجھکر صرف سزای جرمانہ دیتے ہین اگرچہ یہ امر خلاف قانون نہین ہی اور دفعہ ۳۷۹ تعزیرات ہند مین سزاے قید یا سزاے جرمانہ رکھی گئی ہے مگر اس امر پر غور کرنا چاہیے کہ جب ملزم کو بعلت سرقہ خفیف جرمانہ کرکے چھوڑ دیا جاویگا تو اوسکی جرات ارتکاب جرائم کی اسی سے بڑھیگی اور رفتہ رفتہ وہ چوری پیشہ ہو جاویگا مجسٹریٹان تجویز سزا مین بہت احتیاط کو کام کرین خفیف مالیت کے سرقہ مین سزاے تازیانہ بھی ہوسکتی ہے جسکی تعریف دفعہ ۲ ایکٹ نمبر ۶ سنہ ۱۸۶۴ء مین ہی لہذا صدر التہامے فوجداری کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ ایام حوالات کی محسوبی سزا مین تجویز نہ کیا کرین جو بالکل بے قاعدہ ہی اور نسبت تجویز سزا مقدمات سرقہ مین احتیاط کو کام مین لانا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ صدر التہامے فوجداری مین اور ایک نقل مطبع مین بنابر اندراج گزٹ مرسل ہوا اور ایک نقل اطلاعاً بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولس بھیجی جاوے۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا